## طاقتور ممالک ایسے ہی ملکوں کی جانب بری نظروں سے دیکھتے ہیں جو داخلی طور پر کمزور ہوں ۔ الطاف حسین
## پاکستان جن مشکلات میں گھرا ہوا ہے ان کا تقاضہ ہے کہ ملک کے تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے
## صوبوں کو انکے حقوق دیئے جائیں، اسی طرح ملک میں ایک قوم کا تصور پروان چڑھ سکتا ہے اور اتحاد و یکجہتی پیدا ہو سکتی ہے
## ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لندن ۔۔۔ 27 جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جو ممالک داخلی طور پر کمزور ہوں اور ان کے عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی نہ ہو وہ اپنے پیروں پر کھڑے نہیں ہو سکتے اور طاقتور ممالک ایسے ہی ملکوں کی جانب بری نظروں سے دیکھتے ہیں ۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق، سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، محمد اشفاق، آصف صدیقی، جاوید کاظمی، مصطفیٰ عزیز آبادی اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان نے شرکت کی ۔ اجلاس میں ملک کے سیاسی حالات سمیت مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوئی بھی ملک اسی وقت اپنے پیروں پر کھڑا ہو سکتا ہے جب وہ داخلی طور پر مستحکم ہو، اسکے عوام میں اتحاد و یکجہتی ہو ۔ اسی طرح وہ ایک یونیفائیڈ فورس کی شکل میں اپنی طاقت دنیا سے منوا سکتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جن جن ممالک میں یونٹی نہیں ہوتی، یکجہتی نہیں ہوتی، یکتائی نہیں ہوتی وہ داخلی طور پر مستحکم نہیں ہوتے اور جو ممالک داخلی طور پر مستحکم نہیں ہوتے ان ممالک کی طرف بڑی طاقتیں بری نظروں سے دیکھتی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان داخلی و خارجہ سطح پر جن مشکلات میں گھرا ہوا ہے ان کا تقاضہ ہے کہ ملک میں اتحاد اور یکجہتی ہو، تمام شہریوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے، زبان، رنگ، جنس، نسل، علاقہ، فقہ، مسلک یا مذہب کسی بھی بنیاد پر شہریوں کے ساتھ تفریق نہ برتی جائے، صوبوں کو ان کے حقوق دیئے جائیں، اسی طرح ملک میں ایک قوم کا تصور پروان چڑھ سکتا ہے اور عوام کے درمیان اتحاد و یکجہتی پیدا ہو سکتی ہے ۔ جناب الطاف حسین نے تحریک کے تمام شعبوں کے کارکنوں اور ذمہ داروں سے کہا کہ وہ حالات پر گہری نظر رکھیں اور اپنی صفوں میں اتحاد و یکجہتی کو مزید مضبوط بنائیں ۔

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن اسرار احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ 27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن اسرار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اسرار احمد مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن اسرار احمد دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے ۔ رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن اسرار احمد اتوار کے روز دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے ( انا اللہ وانا الیہ راجعون ) ۔ مرحوم کی عمر 49 سال تھی اور وہ گزشتہ کئی دنوں سے دل کے عارضے میں مبتلا تھے ۔ آج انہیں دل کا دورہ پڑا جو کہ جان لیوا ثابت ہوا اور وہ انتقال کر گئے ۔ مرحوم کے سوگواران میں والد، تین بہنیں، 9 بھائی، بیوہ اور تین بچے شامل ہیں ۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن اسرار احمد کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین )

## ڈکیتی کی واردات کے دوران ایم کیوایم کے کارکن محمد اعجاز کے بھائی محمد سلمان ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق

## ڈکیتی کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی، لواحقین سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر کے یونٹ 164 کے کارکن محمد اعجاز کے بھائی محمد سلمان خان ڈکیتی کی واردات کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کے کارکن محمد اعجاز کے بھائی محمد سلمان خان اپنی دوکان پر بیٹھے ہوئے تھے کہ اس دوران مسلح ڈاکوڈکیتی کی نیت سے ان کی دکان میں داخل ہوئے اورانہوں نے محمد سلمان پر فائرنگ کردی جس سے وہ جاں بحق ہوگئے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح ڈاکوؤں کے ہاتھوں ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن محمد اعجاز کے بھائی محمد سلمان خان کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ مسلح ڈاکوؤں کے ہاتھوں محمد سلمان کے قتل کا نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے محمد سلمان خان کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مقتول کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملک بھر میں انصاف کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے، ڈاکٹر ایوب شیخ، معین عامر

## کورنگی نمبر 3 اور نمبر 1 میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔27، جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 254 ڈاکٹر ایوب شیخ اور برائے پی ایس 125 محمد معین عامر نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا منشور ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی آواز ہے اورایم کیوایم پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک بھر میں انصاف کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے۔وہ ہفتے کے روز کورنگی نمبر 3 سیکٹر 34/2 اورکورنگی نمبر 1، S ایریا میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کررہے تھے۔کارنر میٹنگوں میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ڈاکٹر ایوب شیخ اور محمد معین عامر نے کہا کہ ایم کیوایم کے انتخابی منشور میں عوام کے بنیادی مسائل اوران کے حل کیلئے قابل عمل تجاویز دی گئی ہیں جواس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم ملک کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس اور واضح پروگرام رکھتی ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو ہونے والے انتخابات میں اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال ضرورکریں اورحق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم زندگی کے ہر شعبے میں دہرے معیار کے خلاف ہے، شیخ افضل

## کورنگی نمبر 6 کے سیکٹر B-51 اور C ایریا میں منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔27، جنوری2008ء

ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدوار برائے 123 شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ زندگی کے ہر شعبے میں دہرے معیار کے خلاف ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام کو برابری کی بنیاد پر ان کے جائز حقوق حاصل ہوں۔وہ گزشتہ روز کورنگی نمبر 6 کے سیکٹر B-51 اور C ایریا میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کررہے تھے۔شیخ محمد افضل نے کہا کہ ایم کیوایم عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے جس کی واضح مثال کراچی میں ہونے والے ترقیاتی وتعمیراتی کام ہیں جنہیں عوام اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کا حصول چاہتی ہے اور اگر ایم کیوایم کو ملک بھر کے عوام کا اعتماد حاصل رہا تو حق پرست عوامی نمائندے ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے لاکر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کردیں گے۔شیخ محمد افضل نے عوام سے اپیل کی کہ وہ قومی دولت لوٹنے والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کے امیدواروں کے بجائے حق پرست امیدواروں کوووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، علیم الرحمٰن
## کورنگی کے مختلف علاقوں میں عوامی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 124 علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان عملی خدمت پر مامور ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کی ضیاء کالونی اور کورنگی کے سیکٹر 48/B میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماعات میں مسیحی نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے علیم الرحمٰن نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم موروثی سیاست کے خاتمے کی بات ہی نہیں کرتی بلکہ اس پر عملی بھی کرتی ہے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے نہ صرف خود الیکشن میں حصہ نہیں لیا بلکہ اپنے خاندان کے کسی فرد کو بھی انتخابی ٹکٹ نہیں دیا اور ہر عام انتخابات میں اپنی جماعت کے غریب کارکنوں کو منتخب کروا کر اسمبلی میں بھیجا۔ جبکہ دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کا عمل وکرداراس کے برخلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے غریب کارکنان اور عوام کو اپنے مقاصد اور مفادات کیلئے ایندھن کے طور پر استعمال کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کو مسترد کردیں اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے حق پرست امیدواروں کے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔

## ایم کیوایم عوامی امنگوں کی ترجمان ہے، شیخ صلاح الدین
## سمن آباد اور انچولی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم عوامی امنگوں کی ترجمان ہے اور ملک سے قومی دولت کی لوٹ مار کی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے۔ سمن آباد اور انچولی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کا انتخابی منشور عوامی امنگوں کا ترجمان ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سیاسی تاریخ میں ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جس نے اقتدار اور اقتدار کے بغیر بھی عوام کی عملی خدمت اپنا نصب العین بنا کر رکھا ہے۔ شیخ صلاح الدین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے دن ایم کیوایم کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد مہر ثبت کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## فیئر اینڈ فری الیکشن نیٹ ورک کی ایگزیکٹیو کونسل کے 5 رکنی وفد
## کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

فیئر اینڈ فری الیکشن نیٹ ورک کی ایگزیکٹو کونسل کے 5 رکنی وفد نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور رکن شاہد لطیف سے ملاقات کی۔ وفد نے یہ ملاقات فیئر اینڈ فری الیکشن نیٹ ورک کے مقتداء کی سربراہی میں کی جبکہ وفد میں ایگزیکٹو کونسل کے دیگر اراکین مختار جاوید، صدقہ صلاح الدین، مصرت قدیم اور مدثر رضوی بھی شامل تھے۔ ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے وفد کو آئندہ عام انتخابات کے حوالے سے ایم کیوایم کی انتخابی سرگرمیوں کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی سفیان یوسف، خواتین کی مخصوص نشست پر حق پرست امیدوار فوزیہ اعجاز، ایم کیوایم الیکشن سیل کے انچارج توصیف خانزادہ اور جوائنٹ انچارج رضوان بابر بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے زیر اہتمام کریم آباد سے انتخابی ریلی نکالی گئی

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی انتخابی سرگرمیاں زور وشور سے جاری ہیں اوراس سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جاتا ہے۔انتخابی سرگرمیوں کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے زیر اہتمام ’’عوامی ریلی‘‘ نکالی گئی جس میں ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں نے کثیر تعداد نے شرکت کی ۔درجنوں کاروں اورموٹر سائیکلوں پر مشتمل یہ ریلی لیاقت آباد کے علاقے مینار بازار کریم آباد سے شروع ہوکر لیاقت آباد اور تین ہٹی سے ہوتی ہوئی دوبارہ کریم آباد پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھار کھے تھے۔ریلی کے شرکاء ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف تھے جبکہ کاروں اور دیگر گاڑیوں میں ایم کیوایم کے ترانے بھی بجائے جارہے تھے۔عوامی ریلی جن جن علاقوں سے گزری وہاں راہ چلتے عوام نے ریلی کا زبردست خیر مقدم کیا اور ریلی کے شرکاء نے انگلیوں کی مدد سے فتح کا نشان بنا کر ایم کیوایم کی حمایت کا یقین دلایا۔

## ملک سے جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا خاتمہ ایم کیوایم کی اولین ترجیح ہے،حیدرعباس رضوی
## زہرا نگر صفورا گوٹھ میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 253 حیدرعباس رضوی نے کہا ہے کہ ملک کی سلامتی، بقاء اور ترقی کیلئے ضروری ہے کہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کو سامنے لایا جائے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے زہرہ نگر صفورا گوٹھ میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔کارنر میٹنگ میں مختلف قومیتوں اور برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔حیدر عباس رضوی نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ملک کے کچلے ہوئے اور پسے ہوئے طبقے کوان کے جائز حقوق دلانے کیلئے مسلسل کوشاں ہیں اور یہی وجہ ہے کہ انہوں نے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کا نظریہ دینے کے بعد ’’اختیارات سب کیلئے‘‘ کا نعرہ بلند کیا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں حق پرست قیادت کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں۔

## ایم کیوایم امیر وغریب کی تفریق ختم کرکے ہر پاکستانی تک اختیارات کی رسائی ممکن بنانا چاہتی ہے،وسیم اختر،رضاہارون

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اورحق پرست امیدوار برائے پی ایس 115 رضا ہارون نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد کا مقصد ملک میں انصاف پر مبنی عدلیہ کے نظام قیام، مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا فروغ ہے،ایم کیوایم ،امیر وغریب کی تفریق کو ختم کرکے ہر پاکستانی تک اختیارات کی رسائی ممکن بنانا چاہتی ہے۔یہ بات انہوں نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز لائینز ایریا کے علاقے سیکٹر A-1 پریس والی گلی،جیکب لائن اوراہلحدیث مسجد ٹیونیشیا لائن میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔وسیم اختر اور رضا ہارون نے کہا کہ حق پرست نمائندے جھوٹے دعوے نہیں کرتے بلکہ پہلے اپنے عمل سے ثابت کرتے ہیں کہ وہ عوامی مسائل کے حل کیلئے مخلص ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صوبائی خودمختاری کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے جو قائد اعظم کے نظریئے کے عین مطابق ہے، مکمل اختیارات سے ہر صوبہ اپنے فیصلے خود کرے گا جس سے تعمیر وترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔وسیم اختر اور رضا ہارون نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ملک کی تعمیر وترقی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نیوز روم کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات نیوز روم کے رکن عاشق حسین اسدی کے برادر نسبتی کرامت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆